بنیادی انتخابات میں ووٹ دینے کے لئے آپ کو کن چیزوں کی ضرورت ہے
نومبر کے انتخابات میں ووٹ دینے کے لئے آپ کو کن چیزوں کی ضرورت ہے
پنسلوانیا میں ووٹ دینے کے لئے آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

پنسلوانیا کے ووٹرز کے لئے معلومات۔

17 مئی بروز منگل کو گورنر، ریاست ہائے متحدہ کے سینیٹر اور مزید کے لئے بنیادی انتخابات ہوں گے۔ بیلٹ میں موجود تمام دفاتر کے بارے میں معلومات کے لئے ہماری ڈاؤن بیلٹ گائیڈ ملاحظہ کریں۔
8 نومبر بروز منگل کو گورنر، ریاست ہائے متحدہ کے سینیٹر اور مزید کے لئے انتخابات ہوں گے۔ بیلٹ میں موجود تمام دفاتر کے بارے میں معلومات کے لئے ہماری ڈاؤن بیلٹ گائیڈ ملاحظہ کریں۔

پہلے کبھی رجسٹریشن نہیں کروائی؟ آخری مرتبہ ووٹ دینے کے بعد گھر تبدیل کیا ہے؟
اگر آپ نے پہلے کبھی ووٹ نہیں دیا تو پہلا مرحلہ رجسٹریشن کروانا ہے۔ اگر آپ کے آخری مرتبہ ووٹ دینے کے بعد سے کچھ تبدیل ہوا ہے، جیسا کہ آپ کا پتہ یا نام، یا آپ پارٹی سے الحاق تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنی رجسٹریشن اپ ڈیٹ کرنی چاہیے۔ یہ اہم ہے کہ آپ اپنے موجودہ پتے پر رجسٹریشن کروائیں تاکہ آپ کو درست بیلٹ موصول ہو سکے، خاص کر اس صورت میں کہ جب آپ ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

آخری تاریخ 2 مئی بروز پیر ہے۔ آپ PA ریاستی محکمے میں آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں یا اپنا پتہ تبدیل کر سکتے ہیں۔
آخری تاریخ 24 اکتوبر بروز پیر ہے۔ آپ PA ریاستی محکمے میں آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں یا اپنا پتہ تبدیل کر سکتے ہیں۔

ووٹ بذریعہ ڈاک یا غیر حاضری کے بیلٹ کے لئے کلیدی تاریخیں

بنیادی انتخابات سے قبل بذریعہ ڈاک یا غیر حاضری کے بیلٹ کی درخواست کی آخری تاریخ 10 مئی 2022 ہے۔ تجویز دی جاتی ہے کہ 29 اپریل تک درخواست دیں۔
عمومی انتخابات سے قبل بذریعہ ڈاک یا غیر حاضری کے بیلٹ کی درخواست کی آخری تاریخ 1 نومبر 2022 ہے۔ تجویز دی جاتی ہے کہ 21 اکتوبر تک درخواست دیں۔

اگر آپ ذاتی طور پر یا خط کے ذریعے رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں تو مدد کے لئے 1-877-VOTESPA پر کال کریں۔

————————--——————————--——————————--—————————

آپ کے حقوق ہیں!

درج ذیل صورتوں میں آپ رجسٹریشن کروا سکتے ہیں اور ووٹ ڈال سکتے ہیں:
آپ ریاست ہائے متحدہ کے شہری ہیں
انتخابات کے دن آپ کی عمر 18 سال یا زائد ہے
آپ پنسلوانیا کے رہائشی ہیں

ہر اہل شخص کو ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہے۔ انتخابات کے متعلق تازہ ترین معلومات کے حصول، ووٹنگ کے متعلق کسی مسئلے میں مدد لینے یا انتخابات کے دن کسی مسئلے کی اطلاع دینے کے لئے آپ درج ذیل غیر جانبدار ووٹر ہاٹ لائنز میں سے کسی کو کال کر سکتے ہیں:

انگریزی: 866-OUR-VOTE (866-687-8683)
قانون کے تحت شہری حقوق کے لئے وکلاء کمیٹی

ہسپانوی اور انگریزی: 888-VE-Y-VOTA (888-839-8682)
NALEO تعلیمی فنڈ

(عربی اور انگریزی: 844-YALLA-US (844-925-5287)
عرب امریکی ادارہ (AAI)

میندرن، کینٹونیز، کورین، ویتنامی، ٹیگالاگ، اردو، ہندی، بنگالی اور انگریزی - 888-API-VOTE (888-274-8683)
APIAVote & ایشیائی امریکی انصاف کی دوڑ میں (AAJC)

امریکی اشاروں کی زبان میں ویڈیو کال: 301-818-VOTE (8683)
سماعت سے محروم افراد کی قومی اسوسی ایشن (NAD)

مدد کے لئے آپ انتخابات کے ریاستی بیورو کو بھی کال کر سکتے ہیں، بشمول یہ کہ آپ کے شہر یا کاؤنٹی کا انتخابات کا دفتر کیسے تلاش کیا جائے: 1-877-VOTESPA

---

اپنے حقوق جانیے

ووٹ دینے کے لئے رجسٹریشن کروانا

میں نے حال ہی میں ووٹ دینے کے لئے رجسٹریشن کروائی ہے۔ مجھے کیسے معلوم ہو گا کہ واقعی میری رجسٹریشن ہو چکی ہے؟
کاؤنٹی کے انتخابات کے دفتر کو آپ کے رجسٹریشن فارم کا جائزہ لینے اور آپ کو فہرست میں شامل کرنے میں چند دن لگتے ہیں۔

- آپ اپنی کاؤنٹی کے انتخابات کے بورڈ کو کال کر کے یا www.pavoterservices.pa.gov/Pages/voterregistrationstatus.aspx پر آن لائن جا کر اپنی رجسٹریشن کی حیثیت چیک کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو نوٹس ملے کہ آپ کی رجسٹریشن مسترد ہو گئی ہے یا آپ کا کوئی سوال ہو تو مدد کے لئے 866-OUR-VOTE پر کال کریں۔

میں ایک رجسٹرڈ ووٹر ہوں لیکن میں نے حال ہی میں گھر تبدیل کیا ہے۔ کیا میں ابھی بھی ووٹ دینے کے لئے رجسٹرڈ ہوں؟

- جی ہاں۔ تاہم اگر آپ اپنے نئے گھر کے نزدیک ووٹ دینا چاہتے ہیں یا ڈاک کے ذریعے ووٹ دینا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنی رجسٹریشن میں اپنا نیا پتہ درج کروانا ہو گا۔ آپ PA ریاستی محکمے میں آن لائن اپنا پتہ تبدیل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ذاتی طور پر یا خط کے ذریعے رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں تو مدد کے لئے 1-877-VOTESPA پر کال کریں۔

- آپ اپنے سابقہ پولنگ کے مقام پر بھی جا سکتے ہیں اور وہاں ووٹ دے سکتے ہیں۔ اگر آپ نے انتخابات سے 30 دن قبل گھر تبدیل کیا ہے تو ضروری ہو گا کہ آپ اپنے پرانے پولنگ اسٹیشن پر ووٹ دیں۔ اگر آپ نے ریاست کے باہر گھر تبدیل کیا ہے تو آپ کو پنسلوانیا میں ووٹ دینے کے لئے رجسٹریشن کروانی ہو گی۔

اگر میرا کوئی مجرمانہ ریکارڈ ہے تو کیا میں رجسٹریشن کروا کر ووٹ ڈال سکتا ہوں؟

- جی ہاں، اگر فی الحال کسی جرم کے باعث آپ قید میں نہیں تو آپ ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ اگر آپ کو آزمائش یا ضمانت کے تحت رہائی دی گئی ہے، آپ کو اپنے گھر میں نظر بند کیا گیا ہے یا آپ خراب رویے کے یقین کے باعث سزا کاٹ رہے ہیں تو آپ ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

میری پیدائش پیورٹو ریکو کی ہے۔ کیا میں پنسلوانیا میں ووٹ ڈال سکتا ہوں؟

- اگر آپ کی پیدائش پیورٹو ریکو کی ہے تو آپ امریکی شہری ہیں اور پنسلوانیا (یا اپنی رہائش کی ریاست) میں ووٹ ڈالنے کے لئے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

اگر آپ امریکی شہری نہیں تو ووٹ ڈالنا یا ووٹ ڈالنے کے لئے رجسٹریشن تک کروانا ایک جرم تصور کیا جاتا ہے اور اس کے باعث آپ کے شہری بننے میں رکاوٹ آ سکتی ہے۔

## ووٹ بذریعہ ڈاک

میں بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کیسے کر سکتا ہوں؟

- بذریعہ ڈاک یا غیر حاضری کے بیلٹ کے لئے votesPA.com پر درخواست جمع کروائیں۔

اگر بذریعہ ڈاک بیلٹ کے لئے میری درخواست مسترد ہو جائے تو میں کیا کروں؟

- اگر آپ کو نوٹس موصول ہو کہ آپ کی درخواست مسترد کر دی گئی ہے تو 866-OUR-VOTE پر کال کر کے وکیل کی مفت معاونت حاصل کریں۔

مجھے میرا بیلٹ کب ملے گا؟

- قانون کے تحت ضروری ہے کہ انتخابات سے دو ہفتے پہلے کاؤنٹی آپ کو بذریعہ ڈاک بیلٹ ارسال کرے۔ اگر یہ نہ پہنچے یا آپ سے کھو جائے یا بیلٹ پر نشان لگاتے ہوئے آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو کاؤنٹی کے انتخابات کے دفتر کو فون کر کے متبادل کی درخواست کریں۔

- آپ https://vote.pa.gov/mailballotstatus. پر اپنا بیلٹ چیک کر سکتے ہیں یا اس کی پیروی کر سکتے ہیں

کیا میری جگہ کوئی اور میرا بذریعہ ڈاک بیلٹ لا کر دے سکتا ہے؟

- ضروری ہے کہ آپ اپنا بیلٹ خود لوٹائیں۔ اگر آپ کو کوئی معذوری لاحق ہے تو آپ vote.pa.gov پر مجاز تفویض شدہ ایجنٹ کا فارم بھر کر کسی اور کو اپنا بیلٹ لوٹانے کے لئے تفویض کر سکتے ہیں۔

کیا میں درخواست دینے کے بعد ووٹ بذریعہ ڈاک کے متعلق اپنا ارادہ تبدیل کر سکتا ہوں؟

- جی ہاں۔ انتخابات کے دن اپنا بیلٹ اور واپسی کا لفافہ پولنگ کے مقام پر ساتھ لائیں۔ پول کارکنان اسے منسوخ کر دیں گے اور آپ پولنگ بوتھ پر ذاتی طور پر ووٹ ڈال سکیں گے۔ اگر آپ کے پاس بیلٹ نہیں ہے تو آپ متبادل بیلٹ پر ووٹ ڈال سکیں گے۔

اگر میں نے بذریعہ ڈاک ووٹ دیا تو کیا میرا ووٹ واقعی گنا جائے گا؟

- ووٹ بذریعہ ڈاک محفوظ ہے۔ اس مقصد کے لئے پڑتالیں کی جاتی ہیں کہ آپ کا ووٹ لازمی طور پر گنا جائے۔ اگر آپ کو شبہ ہو کہ آپ کا بیلٹ ڈاک میں کھو گیا ہے یا آپ کے گھر میں بیلٹ کھو جائے تو آپ کاؤنٹی کے انتخابات کے دفتر کو کال کر کے متبادل کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اپنی کاؤنٹی کے انتخابات کا دفتر گوگل پر سرچ کریں یا 1-877-VOTESPA پر کال کر کے منسلک ہوں۔

آپ کا بیلٹ گنا جانے کے لئے ضروری ہے کہ آپ:

- خفیہ لفافے میں اپنا نشانزد بیلٹ ڈالیں، جس پر لکھا ہوتا ہے "سرکاری انتخابی بیلٹ"۔ لفافے کو مہربند کریں اور اس لفافے پر کوئی نشانات نہ لگائیں۔

- مہر بند خفیہ لفافے کو واپسی کے بیرونی لفافے پر ڈالیں جو کاؤنٹی کے نام پر ہو۔
- ضروری ہے کہ آپ واپسی کے لفافے پر اپنے نام کے دستخط کریں اور ہاتھ سے تاریخ لکھیں۔
- اگر آپ نے لفافے پر دستخط اور تاریخ نہ لکھی تو آپ کا بیلٹ نہیں گنا جائے گا۔

ذاتی طور پر ووٹ دینا

میں کہاں جا کر ووٹ دوں؟

- آپ vote.pa.gov پر، OUR-VOTE-866 پر کال کر کے یا اپنی کاؤنٹی کے انتخابات کے دفتر کو کال کر کے اپنا پولنگ کا مقام تلاش کر سکتے ہیں۔

کیا ذاتی طور پر ووٹ ڈالنے کے لئے مجھے فوٹو آئی ڈی کی ضرورت ہو گی؟

- جی نہیں۔ صرف اپنے پولنگ کے مقام پر پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے ووٹرز کو اپنی آئی ڈی دکھانے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کوئی فوٹو آئی ڈی، بشمول ملازمت کی یا اسٹوڈنٹ آئی ڈی استعمال کر سکتے ہیں، اگر موجود ہو۔ آپ غیر فوٹو آئی ڈی بھی استعمال کر سکتے ہیں، جیسا کہ یوٹیلیٹی بل یا بینک اسٹیٹمنٹ جس میں آپ کا پتہ درج ہو۔ اگر آپ اس پولنگ کے مقام پر پہلے ووٹ ڈال چکے ہیں تو آپ کی آئی ڈی نہیں مانگی جانی چاہیے۔

اگر وہ مجھے بتائیں کہ ووٹرز کی فہرست میں میرا نام نہیں ہے تو کیا ہو گا؟

- پہلے انتخابی افسر سے دوبارہ فہرست چیک کرنے یا اضافی پول بک (ووٹنگ کے اندراجات میں حالیہ تبدیلیوں کی فہرست) دیکھنے کی درخواست کریں۔ اپنے نام کے ہجے کرنے کی پیشکش کریں۔ اگر آپ کے خیال میں آپ درست پولنگ اسٹیشن پر ہوں لیکن آپ کا نام ووٹرز کی فہرست میں موجود نہ ہو تو عارضی بیلٹ کی درخواست کریں کیوں کہ ان سے درکار ہوتا ہے کہ آپ کو یہ فراہم کریں۔ براہ مہربانی OUR-VOTE-866 پر اپنے تجربے کی اطلاع دیں۔

عارضی بیلٹ کیا ہے؟

- جب آپ کی اہلیت پر سوال اٹھے یا آپ نے بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کی ہو تو آپ کا ووٹ ریکارڈ کرنے کے لئے عارضی بیلٹ استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر انتخابی افسران تعین کریں کہ آپ ووٹ دینے کے اہل تھے تو یہ ووٹ گنا جائے گا۔

کیا پول پر میرے ووٹ دینے کے حق پر سوال اٹھایا جا سکتا ہے؟

- جی ہاں، لیکن صرف چند وجوہات کی بناء پر چند افراد ایسا کر سکتے ہیں۔ انتخابی افسر، پول کا نگران یا دیگر ووٹر صرف اس صورت میں کسی ووٹر پر سوال اٹھا سکتا ہے اگر اس کے خیال میں وہ ووٹر اس علاقے کا رہائشی نہیں یا وہ شخص نہیں جو ہونے کا وہ دعوی کر رہا ہے۔

---

1. بنیادی انتخابات کے لئے کلیدی تاریخیں

- ووٹ دینے کے لئے رجسٹریشن کروائیں: 2 مئی
- 10 مئی کی شام 5 بجے تک بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کریں۔ تجویز دی جاتی ہے کہ 29 اپریل تک درخواست دیں۔
- بذریعہ ڈاک بیلٹ کو 17 مئی کی رات 8 بجے تک لوٹائیں۔ تجویز دی جاتی ہے کہ 11 مئی تک لوٹائیں۔

2. عمومی انتخابات کے لئے کلیدی تاریخیں

- ووٹ دینے کے لئے رجسٹریشن کروائیں 24 اکتوبر۔
- بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کریں 1 نومبر۔ تجویز دی جاتی ہے کہ 21 اکتوبر تک درخواست دیں۔
- بذریعہ ڈاک بیلٹ کو رات 8 بجے تک لوٹائیں۔ 8 نومبر تجویز دی جاتی ہے کہ 2 نومبر تک لوٹائیں۔

---

اعلامیہ

پنسلوانیا میں ووٹ دینے کی یہ گائیڈ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اگر آپ اپنی اہلیت یا حقوق کے متعلق سوالات رکھتے ہیں تو براہ مہربانی OUR-VOTE-866 پر کال کریں یا کسی وکیل سے مشورہ کریں۔

مزید معلومات کے لئے **vote.pa.gov** ملاحظہ کریں۔